11/05/2026

12:30 /PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبر نامہ لیکر میں....عمر مختار

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ عالمی حالات اور بڑھتی مہنگائی کے پیش نظر ذمہ دارانہ معاشی طرز عمل اپنائیں۔حیدر آباد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوںنے پیٹرول اور ڈیزل کے کم استعمال کیلئے پبلک ٹرانسپورٹ ، کار پولنگ اور الیکٹرک گاڑیونکے استعمال پر زور دیا ۔

وزیر اعظم نے غیر ضروری بیرون ملک سفر ،دوسرے ملکوں میں منعقدہ شادی تقریبات میں شمولیت اور سونے کی غیر ضروری خریداری سے گُریز کرنے کی بھی تلقین کی ۔ انہوں نے میک ان انڈیا مصنوعات کے فروغ، خوردنی تیل کے کم استعمال اور قدرتی کھیتی باڑی کو معیشت کے استحکام اور خود انحصاری کیلئے ضروری قرار دیا ۔

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلی میںایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے ملک میں سیلاب اور شدید گرمی کی صورتحال سے نمٹنے کی تیاریوں کاجائز لیا۔

انہوںنے ہدایت دی کہ مرکز اور ریاستی سطح پر سیلاب کی پیشگی اطلاع کیلئے مربوط نظام قائم کیاجائے ۔انہوں نے جموں کشمیر سمیت مختلف ریاستوں کی حساس جھیلوں کیلئے Early وارننگ سسٹم تیار کرنے پر زو ر دیا۔

وزیر داخلہ نے کہاکہ گرمی کی لہر اور جنگلاتی آگ سے نمٹنے کیلئے موثر منصوبہ بندی کی جائے تاکہ جانی و مالی نقصان کوکم سے کم کیا جا سکے ۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر میں دہشت پسندی کے خاتمے اور اندرونی سلامتی کو یقینی بنانے میں جموں کشمیر پولیس کے رول کی سراہنا کی ہے ۔

آرمڈ پولیس کمپلیکس زیون سرینگر میں حال ہی میں منتخب کئے گئے پولیس کانسٹیبلوں میں تقرر نامے تقسیم کرنے کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا اور سراغ رساں ایجنسیوں کے باہمی تال میل کے نتیجے میں ہی عوام آج امن CRPFکہ پولیس ، اور خوشحالی کا دور دیکھ رہی ہے۔

عمر گاندربل

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنے حلقہ انتخاب گاندربل کا دورہ کر کے وہاں 42کروڑ 38روپے کی لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹونکا آغاز کیا۔ جن مینسند ھ ریور فرنٹ پروجیکٹ کا پہلا مرحلہ سکین Fibro بھی شامل ہے ۔وزیر اعلیٰ نے ضلع اسپتال گاندربل میں بون ڈیکسا سکین مشین اور بینک کی سماجی کار پوریٹ ذمہ داری کے تحت نصب HDFC مشین کا بھی افتتاح کیا۔ یہ آلات کئے گئے ہیں۔انہوں نے وہاں مختلف کلیدی نوعیت کے ترقیاتی اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔ بعد میں میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا ۔

........CM Ganderbal........

ادھر وزیرا علیٰ نے سرینگرکے جواہر لعل نہرو میموریل اسپتال میں 2کروڑ 25لاکھ روپے مالیت کے طبی آلات کو عوام کے نام وقف کیا۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرمانے جموں و کشمیر میں مذہبی تقریبات کے پُرامن اور بہتر اِنعقاد کے لئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔کل تولہ مولہ مینکھیر بھوانی مندر کا دورہ کرکے وہاں حاضری دینے کے بعد وزیر موصوف نے ان خیالات کا اظہا رکیا۔

اُنہوں نے میلہ کھیر بھوانی کے حوالے سے کئے جارہے اِنتظامات کا جائزہ لیا ۔وزیرنے محکمہ ٹرانسپورٹ کو ہدایت دی کہ وہ میلے کے دوران مختلف علاقوں سے مندرتک بس سروس کو یقینی بنائیں۔

بعدمیں وزیر موصوف نے میر بابا حیدر زیارت گاہ کا بھی دورہ کیا جہاں اُنہوں نے عقیدت مندوں کے لئے دستیاب بنیادی ڈھانچے اور شہری سہولیات کا جائزہ لیا۔

اننت ناگ پولیس

اننت ناگ پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی مہم جاری رکھتے ہوئے ضلع بھر کے 20مختلف مقامات پر ایک ساتھ نارکو کارڈن اینڈ سرچ آپریشن انجام دیا۔ کارروائی کے دوران منشیات فروشوں ، سمگلروں اور ان کے معاونت کاروں کو نشانہ بنایا گیا۔

پولیس کے خصوصی دستوں نے سینئر افسران کی نگرانی میں یہ کارروائیاں انجام دیں۔

بیداری پروگرام

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت جمونکشمیر پولیس کی طرف سے اونتی پورہ میں بیداری پروگرام کا انعقاد کیاگیا۔ جس میں دکانداروں ، مقامی شہریوں اور نوجوانوں نے شرکت کی ۔پروگرام کے دوران سماج کومنشیات سے پاک بنانے کیلئے اجتماعی کوششوں پر زور دیا گیا۔

ادھرپولیس نے بارہمولہ اور سوپور میں خشخاش کی کاشت کو تباہ کر دیا ۔

ضبط

بارہمولہ پولیس نے غیر قانونی کان کنی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے ضلع کے چندوسہ علاقے میں چھ گاڑیاں ضبط کر لی جن میں تین ٹپر اور ایک ڈمپر شامل ہیں۔

ادھر اونتی پورہ پولیس نے اس طرح کی کارروائی کرتے ہوئے کھریو علاقے میں دو ٹپر ضبط کر لئے ۔ پولیس کے مطابق یہ گاڑیاں غیر قانونی طور پر معدنیات نکالنے اور منتقل کرنے میں استعمال ہو رہی تھیں۔

پروگرام اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ سوموار اورمنگلوار کو صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 2452019-0194 پر ہو رہی ہے ۔

T-20

کرکٹ ٹورنا منٹ اختتام پذیر ہو T-20 امر سنگھ کالج سرینگر میں پولیس کی طرف سے منعقدہ گیا۔ ٹورنا منٹ میں ضلع سرینگرکی 16ٹیموں نے حصہ لیا۔ فائنل مقابلے میں ڈسٹرکٹ پولیس سرینگرکی ٹیم نے کریشبل سٹرائکیرس کو شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کر لی۔

سندیپ چکرورتی نے کامیاب اور رنر اپ ٹیمونمیں G.V سرینگر ڈاکٹرSSP اختتامی تقریب میں انعامات تقسیم کئے۔

خدا حافظ